کسی جرم کے متاثر ہوئے ہیں توتارکین وطنوں کیلئے حقوق اور معاونت نظام کی گائیڈ

اگر آپ کسی جرم کا متاثرین بنے ہیں تو مندرجہ ذیل دیئے گئے حقوق ہیں
اور اسکے علاوہ انویسٹیگیشن کے یا ٹرائل کے دوران مدد بھی حاصل کرسکتے ہیں

•اگرآپ انویسٹیگیشن یا ٹرائل میں ہونے والے سوالات کی وجہ سے پریشانی میں مبتلا ہیں یا فکرمند ہیں تو آپ اپنے ساتھ کسی ایسے شخص کو ساتھ لے جاسکتے ہیں جس پر آپ بھروسہ کرتے ہیں، آپ بات چیت لے لیے ترجمان کی درخواست بھی دے سکتے ہیں تاکے کیس کی انویسٹیگیشن کے دوران براہ راست اپنی رائے دے سکیں۔

•اگر آپ جنسی حراسگی کے جرم کا شکار ہیں ہا بچوں سے بدکاری کے جرم کا شکار ہیں، تو آپ کرمنل پروسیڈنگ میں قانونی مدد حاص کرنے کے لیے اٹارنی بھی منتخب کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس وکیل نہیں ہے تو مدد کے لیے پبلک وکیل حاصل کر سکتے ہیں جوکے پراسیکیوٹر منتخب کرتا ہے۔

•اگر آپ فیملی تشدد کے جرم کا شکار ہیں یا بچوں سے بدکار ی کا شکار ہیں تو آپ پروسیکیوٹر یا پولیس سے اقدامات کے لیے درخواست دے سکتے ہیں جیسا کے مجرم کو روکنے کا حکم یا آپ کورٹ سے تحفظ حاصل کرنے کے لیے براہ راست درخواست خود بھی دے سکتے ہیں۔

•اگر آپ ہونے والے نقصان کا ازالا مجرم سے نہیں وصول کر پارہے۔ تو مناسب چھان بین کے بعد پروسیکیوٹر کے جانب سے مالی مدد حاصل کرسکتے ہیں جیسا کے طبی اخراجات۔ (لیکن اس صورت میں جرم کے متاثر ہونے والے کا کوریا میں قانونی رہائشی ہونا ضروری ہے اور اگر مجرم غیر ملکی ہے تو جرم کا شکار ہونے والے کے لیے کوریا میں ایلیئن رجسٹریشن کا مکمل ہونا ضروری ہے)۔

•اگر آپ فیملی تشدد یا جنسی حملے کا شکار ہیں تواس صورتحال میں آپ انویسٹیگیشن، ٹرائل یا علاج مکمل ہونے تک اپنے قانونی دورانیئے کے بڑھانے کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔ (لیکن فیملی تشدد کی صورت میں آپ کا شریک حیات کا ریپبلک آف کوریا کا شہری ہونا لازمی ہے۔)

•کرمنل ریمیڈی پروسیدنگ کے چلنے کی صورت میں جیسا کے قتل، زخمی یا جسمانی نقصان، چوری فراڈ وغیرہ یا متعلقہ پراپرٹی کا نقصان ہوا ہو یا جنسی حملہ ہوا ہو۔ تو حکومتی آفیشل انچارج ، ہوسکتا ہے کے امیگریشن افس کو آپکی ذاتی معلومات نہ دے باوجود اسکے کے جرم کا شکار ہونے والے غیر قانونی رہائش پذیر ہو۔

※ مذید معلوما ت کے لیے، پبلک پروسیکیٹر آفس میں وکٹم سپورٹ سینٹر فون کریں۔ رابطہ نمبر (☎1577-2584) یا کرمنل پورٹل ویب سائیٹ (www.kics.go.kr)کادورا کرکے درخواست دائر کرکے چیک کریں ۔

※اگر آپ پروسیکیٹر آفس کال کرنا یا رہنمائی حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ترجمانی کی سہولت حاصل کرنے کے لیے پروسیکیٹر آفس سے ربطہ کرکے انکوائری کریں ۔ آپ اپنے سفارتخانے بھی سے بھی رابطہ کرسکتے ہیں یا ملٹی کلچرل فیملی سپورٹ سینٹر کے رابطہ نمبر (☎1577-1366) سے بھی رابطہ کرکے ٹرانسلیشن سروس کے متعلق معلومات حاصل کرسکتے ہیں

< میں تصدیق کرتا ہوں کے مجھے اوپر دی گئی معلومات حاصل ہوئیں > تاریخ - - -

تصدیق کرنے والے (دستخط)

< اوپر دی گئیں دیگر معلومات دینے کی صورت میں > زبانی □ ٹیلفون □ فیکس □ ڈاک □ دیگر □

انچارج - دستخط -